آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 12 جمادی الاول 1448 ہفتہ 24 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 192

بلوچستان میں خاتون سمیت 10 بھارتی دہشتگرد ہلاک کر دیئے ISPR

گوادر میں آپریشنز مکمل کر کے امن وامان اور ریاستی عملداری بحال کر دی گئی ہے، خاتون کو حملے میں زبردستی استعمال کرنا بلوچ خواتین کی حرمت کے منافی ہے، حکام

دہشت گردوں کا مقصد بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں رکاوٹ ڈالنا تھا، عزم استحکام کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی، آئی ایس پی آر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

پاکستان اپنی سرحدوں کی حفاظت کرنا جانتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

افغانستان سے دہشت گردی پاکستان میں آرہی ہے، یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے، سجاد حیدر خان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

انمول عرف پنکی کے بھائی کی گرفتاری کے لیے اشتہار شائع کرنے کا حکم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

لانگ مارچ کی تیاری کر رہے ہیں، اسلام آباد جائیں گے، حافظ نعیم الرحمن

پاکستان زرعی ملک ہے مگر یہاں گندم کو تباہ کر دیا گیا، یہ بحران پیدا کر کے گندم درآمد کرتے ہیں اور کماتے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23



اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے آزاد جموں وکشمیر کے صدر ڈاکٹر محمد نجیب نقی خان ملاقات کر رہے ہیں، مشیر رانا ثناء اللہ بھی موجود ہیں

دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھیں گے فیلڈ مارشل عاصم منیر

عوام کی حمایت سے دہشت گردوں اور ان کے گمراہ کن نظریہ کو مکمل شکست دیں گے، دہشت گرد جہاں کہیں بھی ہوں گے انہیں سختی سے نشانہ بنائیں، سید عاصم منیر

اسپانسرڈ دہشت گرد تنظیموں کے خلاف مہم کو بھرپور طریقے سے جاری رکھیں گے، آرمی چیف کی کور ہیڈ کوارٹرز پشاور کے دورے کے دوران گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

کسان دوست اقدام: 2027 کیلئے گندم کی مجوزہ قیمت 4500 روپے فی من مقرر

مقامی پیداوار کی حوصلہ افزائی اور زرعی شعبے میں استحکام کیلئے پیش رفت ثابت ہوگا، شہباز شریف

توقع ہے کہ نئی مجوزہ قیمت سے کسانوں کو اپنی پیداواری لاگت پوری کرنے اور مناسب منافع حاصل کرنے میں مدد ملے گی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



برلن، صدر آصف علی زرداری جرمن صدر ڈاکٹر فرینک والٹر شٹائن مائر سے دفتر صدر میں ملاقات کر رہے ہیں

کسانوں کے مفادات کا تحفظ اولین ترجیح رانا تنویر حسین

کراچی میں سینٹرل پلانٹ کوارنٹائن لیبارٹری کا قیام زرعی تحقیق اور پودوں کے تحفظ میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے

انٹرسیپشنز کی تعداد 376 سے کم ہو کر 23 رہ گئی ہے، وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ کا پودوں کے قرنطینہ کے شعبے میں پیش رفت کا ذکر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27



وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے ڈائریکٹر ملاقات کر رہے ہیں

BISP میں 24 ارب کی بڑی ڈکیتیاں

ایک لاکھ سے زائد سرکاری ملازم قومی مجرم ہیں، رپورٹ

وزارت تخفیفِ غربت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کردہ دستاویزات حیران کن طور پر لوٹ مار کرنے والے عناصروں کے نام پتے میڈیا میں شائع نہیں کیے

بے ضابطگیوں کی نشاندہی کے باوجود مبینہ طور پر 6 سال تک ادائیگیاں جاری رہیں جبکہ ملازمین کی نشاندہی کے بعد بھی 90 کروڑ روپے کی ادائیگیاں کی گئیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32



چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی سے پاکستان میں تعینات سعودی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

کوئی آن لائن پیسے مانگے تو ہرگز ٹرانسفر نہ کریں محسن نقوی

خواتین اپنی تصاویر ہرگز کسی سے شیئر نہ کریں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراساں کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں

بلیک میلنگ کے معاملات میں بچیوں کے خودکشیاں کرلیں، سائبر کرائم کے پاس بچیوں کو ہراساں کرنے کے سب سے زیادہ کیس آتے ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



چھٹی R4 کے آغاز سے قبل پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب اور مصر کے وزرائے خارجہ کی گروپ فوٹو

ملک میں دہشت گردی ہلاکتیں انرجی بحران پنجاب میں بسنت کا جشن

بسنت 12، 13 اور 14 مارچ 2027 کو منائی جائے گی، پنجاب حکومت نے لاہور میں بسنت کی تاریخوں کا اعلان کر دیا

ڈپٹی کمشنر پرانی عمارتوں اور گھروں کی چھتوں کا مکمل معائنہ کروائیں، غیر تسلی بخش رپورٹ پر ڈپٹی کمشنر کڑور عمارت پر پتنگ بازی پر پابندی عائد کریں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36

پاکستان نے پولیو کے خاتمے کی جانب نمایاں پیشرفت کی ہے، صدر زرداری

بچوں کے تحفظ اور ملک کے ہر حصے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانے کیلئے تمام فریقین کا تعاون ناگزیر ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت کیلئے جدوجہد اور قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہیں، قائم مقام گورنر سندھ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں 24 ارب کی مالی بے ضابطگیاں

ملازمین کی نشاندہی کے بعد بھی 90 کروڑ روپے کی ادائیگیاں کی گئیں، رپورٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

پاکستان کی معاشی ترقی سست

مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا امکان، آئی ایم ایف کی پیشگوئی

اہم شخصیات کی سکیورٹی کا از سرِ نو جائزہ لیا جائے، ضیاء الحسن لنجار

سکیورٹی کی فراہمی حقیقی خطرات، انٹیلی جنس معلومات اور کمیٹی کی سفارشات کے مطابق یقینی بنائی جائے، وزیر داخلہ سندھ



ایک سبزی فروش گاہکوں کی توجہ کے لیے سبزیوں کو اپنے ٹھیلے پر خوب صورتی کے ساتھ سجا رہا ہے

بلاول بھٹو کہہ چکے، کے پی میں ایمرجنسی لگانا ہماری مجبوری تھی، شازیہ مری

کے پی میں دہشت گردی کی لہر دوسرے صوبوں تک بھی پھیل سکتی تھی، رہنما پیپلز پارٹی کی میڈیا سے گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر نثار کھوڑو سندھ اسمبلی کے کمیٹی روم میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

PTI سے بھی امید ہے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں تعاون کرے رانا ثنا

معلوم ہے دہشت گردوں کی تعداد کتنی ہے اور کہاں ہیں، دہشت گردوں کی کم سے کم تین اور زیادہ سے زیادہ 15 افراد کی ایک تشکیل ہوتی ہے

گورنر کی زیرِ صدارت اب خیبر پختونخوا میں سیٹ اپ ہے۔ یہ سیٹ اپ پوری طرح سے تعاون کرے گا تو دہشت گردوں کو ختم کرنے کا ہدف ناممکن نہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

شہید ملت روڈ پر پولیس مقابلہ، 2 انتہائی مطلوب ڈکیت ہلاک

ڈی آئی جی ایسٹ، ایس ایس پی ایسٹ، فیروز آباد پولیس اور شاہین فورس کی ٹیم کو شاباش

ویسٹ میں پولیس کے 2 مقابلے، 2 زخمیوں سمیت 3 ملزمان گرفتار

سرجانی ٹاؤن اور اقبال مارکیٹ میں فائرنگ کا تبادلہ، اسلحہ، موبائل فونز، نقدی اور آٹو کار قبضے میں لے لی، ایک ملزم فرار

کراچی میں پولیس مقابلے، 9 زخمیوں سمیت 10 مبینہ ڈاکو گرفتار

گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقدی، چھینا گیا سامان اور موٹر سائیکل برآمد

ہاکس بے پر ڈوبنے والے 16 سالہ نوجوان کی لاش ساحل سے مل گئی

ملک شہزاد اعوان کی قیادت میں وفد کی ایڈیشنل آئی جی کراچی سے ملاقات

کوآرڈینیشن کمیٹی کے وفد کو آزاد خان خٹک نے ٹرانسپورٹرز کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی

ملاقات میں گاڑیوں کی چوری، ڈکیتی کی وارداتوں اور سکیورٹی کے انتظامات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ سے محنت کش مزدور جاں بحق

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

کراچی میں ڈکیتی مزاحمت پر فائرنگ، محنت کش مزدور جاں بحق

40 سالہ رحیم اللہ کھانے کے لیے رکا تھا کہ ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی کوشش کی



وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین محکمہ تحفظ نباتات میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گڈاپ فارم ہاؤس کیس کی مدعیہ کو قتل کی دھمکیاں، تعاقب اور حملے کی کوشش

مقدمے سے دستبردار ہونے کیلئے دباؤ، متاثرہ خاتون کا اپنی اور اہلخانہ کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس سے رجوع

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

کراچی میں فائرنگ کے واقعات، ایک شخص جاں بحق، 3 خواتین زخمی

لیاقت آباد میں واردات کے بعد فرار ہوتے ملزمان کی فائرنگ سے خواتین زخمی، اسپتال منتقل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi
Scan me!



آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی: سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

مشرق وسطیٰ کا مستقبل

خلیج کے افق پر ابھرتے ہوئے خطرات نے مسلم دنیا کے سامنے ایک ایسا سوال لا کھڑا کیا ہے جس کا تعلق محض سرحدوں کی حفاظت سے نہیں، بلکہ مقدس مقامات کے تقدس، علاقائی خودمختاری اور امت مسلمہ کے مستقبل سے بھی ہے۔ جب جنگ کے شعلے سفارت کاری کی میز تک پہنچنے لگیں اور طاقت کے مظاہرے مذاکرات کی گنجائش محدود کرنے لگیں تو دفاعی تعاون کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے مابین ممکنہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی پیش رفت اسی تناظر میں اہمیت رکھتی ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا یہ اعلان کہ حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کی اولین ترجیح اور سعودی عرب کی خودمختاری ایک سرخ لکیر ہے، اس شراکت داری کی حساسیت اور تزویراتی اہمیت کو نمایاں کرتا ہے۔ دوسری طرف پاکستان میں تعینات سعودی سفیر ڈاکٹر نواف سعید المالکی کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات اور دفاعی تعاون، ادارہ جاتی روابط اور اسٹریٹجک رابطہ کاری کو مضبوط بنانے پر اتفاق اس امر کی علامت ہے کہ دونوں ممالک اپنے دیرینہ تعلقات کو نئے علاقائی حالات سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ حرمین شریفین مسلمانوں کے لیے محض دو مقدس مقامات نہیں، بلکہ ان کی روحانی وابستگی، تاریخی شعور اور اجتماعی عقیدت کا مرکز ہیں۔ ان کے تحفظ کا معاملہ کسی ایک ملک کی سرحدی ذمے داری تک محدود نہیں رہتا، بلکہ پوری مسلم دنیا کے جذبات سے جڑ جاتا ہے۔ پاکستان میں بھی مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے احترام کو غیر معمولی تقدس حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ سعودی عرب کی سلامتی اور مقدس مقامات کے تحفظ سے متعلق کسی بھی خطرے پر پاکستانی عوام کی حساسیت فطری اور گہری ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے واضح کیا ہے کہ کسی جارحیت کی صورت میں ملک الائنس کا اجتماعی دفاعی نظام حرکت میں آ سکتا ہے، تاہم اس اتحاد کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں۔ ان دونوں نکات کے درمیان توازن ہی اس معاہدے کی اصل معنویت متعین کرے گا۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے کے مابین تعاون کو کسی مخصوص ملک کے خلاف اتحاد قرار دینے کے بجائے اس کے اعلان کردہ مقاصد، عملی ڈھانچے اور آئندہ اقدامات کی روشنی میں جانچنا چاہیے۔ تینوں ممالک کے جغرافیائی محل وقوع، دفاعی صلاحیتوں، سفارتی روابط اور علاقائی مفادات میں اہم فرق موجود ہے، لیکن یہی فرق باہمی تعاون کے نئے امکانات بھی پیدا کرتا ہے۔ سعودی عرب خلیجی خطے میں ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے، پاکستان جنوبی ایشیا اور بحیرہ عرب کے تناظر میں اہم دفاعی و جغرافیائی مقام کا حامل ہے، جب کہ ترکیے کے مشرق وسطیٰ اور وسیع تر علاقائی معاملات میں اپنے مفادات اور سفارتی روابط ہیں۔ اگر ان صلاحیتوں کو مشترکہ منصوبہ بندی، دفاعی تربیت، معلومات کے تبادلے اور بحران کے دوران رابطہ کاری کے لیے منظم کیا جائے تو یہ تعاون علاقائی سلامتی میں معاون بن سکتا ہے۔

پاکستان زندہ باد: حکمرانوں کی اصل طاقت عوام کی محبت ہے



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

لاوارث کراچی اور بڑھتی ہوئی مہنگائی

روشنیوں کے شہر کی بدحال زندگی، بے بس عوام اور حکمرانوں سے چند تلخ سوالات



تحریر: اسلم محمود دہلوی
سینئر تجزیہ کار

مصنوعی ذہانت: انسان کا مددگار یا اس کی بقا کیلئے خطرہ؟



تحریر: امجد قریشی
سینئر تجزیہ کار

تاریخ کے ہر دور میں علمائے کرام نے لازوال قربانیاں دی ہیں' حنیف طیب

مولانا شوکت سیالوی نے خطبہ ارشاد فرمایا، حافظ وسیم قادری نے بارگاہ رسالت ﷺ میں سلام کا نذرانہ پیش کیا

کراچی کے شہری مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، سلیم خان قادری

گیس و بجلی کی لوڈشیڈنگ اور پانی کی بندش نے عوام کو پریشان کر رکھا ہے، مرکزی میلاد الائنس پاکستان



پاک امن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین سعید احمد بیگ، سینئر جے یو پی رہنما ملک شکیل قاسمی اور انس بیگ کے ہمراہ نادار و مستحق افراد میں امدادی رقم تقسیم کر رہے ہیں، دوسری جانب گروپ فوٹو

نوجوان ڈگریاں ہاتھ میں لیے نوکریوں کے لیے دربدر بھٹک رہے ہیں۔ زاہد اقبال

قرضوں کا بوجھ، عوام کے آنسو اور انصاف کے منتظر خاندان



تحریر: عبدالرفیع صدیقی
سینئر تجزیہ کار

لوک سہانا چیمپئن شپ: واپڈا کی 12 گولڈ میڈلز کے ساتھ برتری مستحکم

واپڈا نے دوسرے روز مزید 7 گولڈ میڈلز جیتے، ایچ ای سی دو گولڈ میڈلز کے ساتھ دوسری پوزیشن پر موجود

بے روزگاری اور مہنگائی نے غریب طبقے کی کمر توڑ دی ہے۔ محمد نعیم اقبال

برگلن اسکول اور سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی مشترکہ صفائی

ماہر تعلیم ارشد ملک نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر عامر عباس کو صفائی کے بہترین انتظامات پر "ستارہ قائد ایوارڈ" پیش کیا

عملے کو کچرا اٹھانے میں وقت اور دشواری نہ ہو، عوام کے تعاون کے بغیر صفائی ناگزیر ہے



صدر انگلش اسپیکنگ یونین آف پاکستان عرفان قریشی نے ایمبسڈر آف یورپی یونین سے ملاقات کی

پاک فوج نے ہر مشکل وقت میں ملک کی حفاظت کو یقینی بنایا ہے' جمال کھوکھر

دوسری آل سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ، صفہ سیویئر اسکول کی پہلی پوزیشن

1640 سے زائد طلبہ و طالبات کی شرکت، آئی بی اسکولنگ سسٹم دوسرے اور طلبیہ گرلز اسکول تیسرے نمبر پر رہا

سابقہ نمائندوں نے علاقے کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا۔ مفتی محمد علی جہانگیری

کراچی میں بچی کو خطرناک آن لائن نیٹ ورک سے بچا لیا گیا

بچوں کی ڈیجیٹل حفاظت کے لیے والدین اپنا کردار ادا کریں، شمسہ مدجبین

نرسری بس اسٹاپ کو میر رضا شہید کے نام سے منسوب کرنے کی قرارداد جمع

قرارداد میں قتل کے حقائق کو مسخ کرنے کی کوششوں اور اہل خانہ اور نوجوانوں کی جدوجہد سے اظہار یکجہتی کیا گیا ہے



دوسری آل سندھ انٹر اسکول تائیکوانڈو چیمپئن شپ کی فاتح ٹیم کا کامران قریشی و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو



بقیہ نمبر 01 اطلاعات

نے احتجاج کے دوران موقف اختیار کیا کہ علاقے کے بعض افراد، جن میں عبدالعزیز کھوسو، نذیر احمد اور گھوڑو کھوسو شامل ہیں، ان کی زمین پر قبضہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مظاہرین کے مطابق تین روز قبل پیش آنے والے ایک واقعے میں محمد بخش کھوسو اور عبدالحکیم کھوسو زخمی ہوئے، جو ان کے بقول تاحال زیر علاج ہیں۔ احتجاج کرنے والے دیہاتیوں نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ گھوٹکی کے اے سیکشن تھانے میں درج کرایا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مقدمے میں نامزد افراد کے خلاف تاحال کارروائی نہیں ہوئی۔ مظاہرین نے پولیس کی کارروائی پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے معاملے کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے مزید کہا کہ وہ پرامن طریقے سے اپنے حقوق کے حصول کے خواہاں ہیں اور انہیں خدشہ ہے کہ زمین کے تنازع کے باعث ان کے خلاف مقدمات درج کرائے جا سکتے ہیں۔ موقع پر موجود مظاہرین نے آئی جی سندھ، ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گھوٹکی اور ایس ایس پی گھوٹکی سے اپیل کی کہ واقعے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

نہ ہونے کی وجہ سے ہماری نوجوان نسل نیکوٹین پاؤچ، الیکٹرک سگریٹ، شیشہ، نشہ آور گولیوں کا استعمال، کرسٹل آئس، ویڈ، کوکین، شراب نوشی اور دیگر نشوں میں مبتلا ہو کر اپنی زندگیوں کو تباہ و برباد کر رہے ہیں۔ منشیات کی روک تھام کی سب سے بڑی ذمہ داری حکومت کی ہوتی ہے کہ وہ اس کے روک تھام میں اپنا قومی کردار ادا کرے۔ منشیات نے ہمارے یہاں سماجی مسائل بہت زیادہ پیدا کر دیے ہیں یہی وجہ ہے کہ صرف کراچی شہر میں یومیہ تقریباً 30 ضلع کے کیس رجسٹرڈ ہوتے ہیں، منشیات کی روک تھام میں پرنسپل، اساتذہ اور طلبا اپنا بھرپور کردار ادا کریں تو سوسائٹی سے منشیات کی طلب کو ختم کیا جا سکتا ہے، کالج کی پرنسپل پروفیسر روبی تبسم نے کہا کہ یہ بات بہت افسوس ناک ہے کہ منشیات ہماری جڑوں تک پہنچ گئی ہے اس سے ہمارا قومی اثاثہ ضائع ہو رہا ہے۔ خواتین میں منشیات کا پھیلاؤ بذات خود ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ پروفیسر روبی تبسم نے تنظیم کاوش کی منشیات کے خلاف جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معاشرے میں اس طرح کی تنظیم امید کی کرن ہے۔ تنظیم کی نائب صدر سعدیہ عمران نے یہ بات افسوس ناک ہے کہ ہماری طالبات میں نیکوٹین پاؤچ کا استعمال بڑھ رہا ہے۔ یہ نیکوٹین میٹھا زہر ہے۔ طالبات نے کہا کہ منشیات سے آگہی کے زیادہ سے زیادہ پروگرام ہونے چاہیے تاکہ ہمارا طالب علم اس لعنت سے محفوظ رہ سکے۔ بعد ازاں پرنسپل پروفیسر روبی تبسم کو کاوش انسداد منشیات ایوارڈ دیا گیا۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

سامان کی عدم دستیابی کی نشاندہی کرنے کے اس جرأتمندانہ قدم کو سراہتے ہوئے انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے قومی اسمبلی میں عوام کے اس دیرینہ مسئلے پر آواز بلند کر کے صرف اپنے ضلع حیدرآباد کی ہی نہیں بلکہ پورے ملک پاکستان کی نمائندگی کی ہے کیونکہ پورے ملک کی عوام واپڈا کی اس غلط پالیسیوں جس میں مرضی کے مطابق رقم لگا کر بل اور ڈوکشن بھیجنا معمول بن چکا ہے، جس سے عوام بہت پریشان ہے مجبوری میں بل کی ادائیگی کے بعد اس غریب عوام کو اپنے بچوں کو تین وقت کی روٹی کھلانا محال ہوگئی ہے، حکومت پاکستان کو واپڈا کی اس ظالمانہ پالیسیوں کا کوئی سدباب نکالنا چاہیے تاکہ عوام واپڈا کی اس ظلم و ناانصافی سے نجات حاصل کر کے سکھ کا سانس لے سکے۔

بقیہ نمبر 04 اطلاعات

احمد بھٹو، نان فلائر مین طیر جان محمد بلوچ، پی ایس 85 طیر کے صدر مرتضیٰ یار محمد بلوچ، پی ایس 84 کے صدر علی احمد جوکھیو، اور تحریب خان، ضلع ملیر ومین ونگ فاطمہ مجید منیر ایوب بلوچ سمیت کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کے لئے لازوال قربانیاں دیں۔ راجا رزاق بلوچ نے کہا کہ محترمہ نصرت بھٹو نے جمہوریت کے لیے بے پناہ قربانیاں دی۔ شوہر، بچوں، شوہر کی پھانسی اور لازوال قربانیاں جمہوریت کی خاطر دی۔ راجہ رزاق بلوچ اس موقع پر جنرل سیکریٹری ملیر امداد جوکھیو نے کہا آج مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کو برسی کے موقع پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں، امداد جوکھیو نے کہا مادر جمہوریت شہید بھٹو کی عظیم بیوی اور ایک عظیم ماں کو اگر دیکھا جائے تو بے پناہ قربانیاں دینے والی بیگم نصرت بھٹو ہیں۔ امداد علی جوکھیو کا خطاب جمہوریت کے لیے بیگم نصرت بھٹو کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ سیکرٹری ملیر شاہ جہاں خان مارشل لا کے دور میں بیگم نصرت بھٹو نے بہادری کا مظاہرہ کیا اور ان کی دلیری سے ورکرز کو حوصلہ ملا۔ سلیم بلوچ مشیر وزیر اعلیٰ سندھ، گلشن حدید میں امداد جوکھیو ہاؤس پر منعقد ہونے والے تعزیتی پروگرام سے صدر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع ملیر راجہ عبدالرزاق بلوچ، امداد جوکھیو، سلیم بلوچ، جان محمد بلوچ، شاہجہان خان نعیم عباسی، آغا طارق پٹھان، ستار شلیلو جوکھیو، ستار بٹ، منظور بلوچ حسن بلوچ، بخت ترین، رؤف بلوچ شان جوکھیو، ریاض جوکھیو و دیگر بانو خان نمیرہ زرداری ساجدہ و میمن، زاہد و ریحا بلوچ، سمیت سوشل میڈیا کو آرڈینیٹر ملیر فدا میر شاہ، پرویز چنا، اسلام خان، وی بھیو و دیگر موجود تھے

بقیہ نمبر 05 اطلاعات

6.12 کی سطح پر آ گیا، جو اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ اس عرصے کے دوران عالمی معیشت کے سازگار حالات نے بیرونی معاشی کمزوریوں کے اثرات کو کم کرنے میں مدد دی۔ رپورٹ کے مطابق عالمی معاشی سرگرمیوں میں بہتری، ترسیلات زر کی مستحکم آمد اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے رجحانات میں بہتری نے بیرونی شعبے کے امکانات کو تقویت دی ہے۔ ای ای ایس آئی آئی سی ایم اے کا تیار کردہ ایک تجزیاتی نظام ہے جو عالمی بہترین طریقہ ہائے کار کی روشنی میں پاکستان کو بیرونی معاشی جھٹکوں سے لاحق خطرات کا جائزہ لیتا ہے۔ یہ اشاریہ پانچ اہم عوامل یعنی عالمی معاشی نمو، بین الاقوامی تیل کی قیمتوں، غذائی اجناس کی قیمتوں، مالیاتی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ اور عالمی سپلائی چین کے دباؤ کی بنیاد پر مرتب کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد عالمی معیشت سے پیدا ہونے والے خطرات اور پاکستان پر ان کے ممکنہ اثرات کا جامع جائزہ فراہم کرنا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگست 2026 کی ریڈنگ بیرونی معاشی دباؤ میں کمی کی عکاسی کرتی ہے۔ عالمی معاشی سرگرمیوں میں مضبوطی نے برآمدات، ترسیلات زر اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو سہارا دیا، جبکہ براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے نے ملکی بیرونی کھاتوں پر دباؤ کم کرنے میں مدد فراہم کی۔ تاہم، آئی سی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ بیرونی شعبے کو اب بھی اہم خطرات درپیش ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ، جاری عالمی جغرافیائی سیاسی غیر یقینی صورتحال اور سپلائی چین میں رکاوٹیں پاکستان کے لیے بدستور بڑے چیلنجز ہیں۔

بقیہ نمبر 06 اطلاعات

مناسب مواقع، رہنمائی اور حوصلہ افزائی فراہم کر کے معاشرے کی ترقی میں ان کے کردار کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ آئی سی ایم اے کی جانب سے منعقدہ اس تقریب کا مقصد فکری تبادلے، تجربات سے استفادے اور مستقبل کی قیادت کے حوالے سے آگاہی کو فروغ دینا تھا۔ تقریب آئی سی ایم اے ہیڈ آفس، کراچی میں منعقد ہوئی، جس میں شرکاء نے موضوع سے متعلق خیالات اور تجربات سے استفادہ کیا۔

بقیہ نمبر 07 اطلاعات

کا نوٹس لیتے ہوئے اپنی نگرانی میں سیکریٹری اعجاز علی کاکا کی معطلی اور تین رکنی انکوائری کمیٹی کے قیام کا حکم جاری کیا ہے۔ صوبائی وزیر جامعات و تعلیمی بورڈز محمد اسماعیل راہو کی منظوری کے بعد سیکریٹری جامعات عباس بلوچ کی جانب سے جاری کردہ حکم نامے کے مطابق، معاملے کی تحقیقات کے لیے کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ حکم نامے کے مطابق پروفیسر ڈاکٹر فریدہ بھٹو کمیٹی کی سربراہ ہوں گی، جبکہ ایڈیشنل سیکریٹری امیر فضل اویسی اور ڈاکٹر نصر اللہ پیرزادہ اس کے ارکان ہوں گے۔ کمیٹی کو پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ گروپس کے نتائج، پوزیشن ہولڈرز، جاپان میں اسپیڈ ہولڈرز اور اے ون والے گریڈ حاصل کرنے والے طلبہ کے ریکارڈ سمیت نتائج کی تیاری اور اعلان کے مختلف مراحل کا جائزہ لینے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ تعلیمی نتائج میں کسی بھی قسم کی بے ضابطگی کے اثرات محض انتظامی معاملہ نہیں، بلکہ اس سے طلبہ کی محنت، میرٹ، داخلوں اور مستقبل کے تعلیمی مواقع پر اثر پڑنے کا خدشہ پیدا ہوتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ انکوائری کمیٹی ریکارڈ کی مکمل جانچ کرے، شکایات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لے اور شواہد کی بنیاد پر ذمہ داری کا تعین کرے۔ اعجاز علی کاکا سمیت متعلقہ افسران کے کردار کا تعین شفاف تحقیقات اور دستیاب شواہد کی روشنی میں کیا جانا چاہیے۔ اگر کسی افسر کے خلاف الزامات ثابت ہوتے ہیں تو قانون اور محکمانہ قواعد کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے، جبکہ بے بنیاد الزامات کی صورت میں متعلقہ افسر کو بھی اپنا موقف پیش کرنے کا منصفانہ موقع ملنا چاہیے۔ عوامی مطالبہ: تحقیقات مقررہ مدت میں مکمل کی جائیں، شہریوں، طلبہ اور والدین کے وسیع تر مفاد میں ضروری ہے کہ انکوائری رپورٹ کے نتائج اور سفارشات مناسب طریقے سے سامنے لائی جائیں، تاکہ حقائق واضح ہوں اور تعلیمی بورڈز پر عوامی اعتماد بحال رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق، انکوائری کمیٹی کو 30 روز کے اندر اپنی رپورٹ اور سفارشات صوبائی وزیر جامعات و تعلیمی بورڈز کو پیش کرنا ہیں۔ اب اہم سوال یہ ہے کہ تحقیقات میں کون سے حقائق سامنے آتے ہیں، آیا نتائج میں ردوبدل یا دیگر بے ضابطگیوں کے الزامات ثابت ہوتے ہیں یا نہیں، اور ذمہ دار قرار پانے والے افراد کے خلاف کیا کارروائی کی جاتی ہے۔ تعلیم جیسے حساس شعبے میں شفافیت، میرٹ اور احتساب ناگزیر ہیں۔ حیدرآباد تعلیمی بورڈ کے معاملے میں بھی ضروری ہے کہ تحقیقات کسی دباؤ کے بغیر مکمل ہوں اور طلبہ کے حقوق کے تحفظ کو اولین ترجیح دی جائے۔

بقیہ نمبر 08 اطلاعات

پستول 05 گولیاں برآمد کی گئیں ہیں۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار دہشت گرد کراچی میں حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دفاتر کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، گرفتار دہشت گرد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے جبکہ انکے دیگر ساتھیوں، سہولت کاروں اور معاونین کی شناخت اور گرفتاری کے لئے تفتیش جاری ہے۔ پہلی کارروائی سی ٹی ڈی کراچی اور وفاقی حساس ادارے کی مشترکہ ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے کالعدم دہشت گرد تنظیم بلوچستان لبریشن آرمی (BLA) سے تعلق رکھنے والے 02 دہشت گردوں کو گرفتار کیا، گرفتار ملزمان رحیم فضل ولد فضل محمد (2) اعجاز بلوچ ولد رسول بخش کے متعلق سی ٹی ڈی اور وفاقی حساس ادارے کو اطلاع موصول ہوئی تھی کہ کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے دو تربیت یافتہ دہشت گرد اپنے تنظیمی کمانڈر کی ہدایت پر کراچی میں موجود ہیں ابتدائی اطلاعات کے مطابق مذکورہ دہشت گرد بلوچستان میں ٹارگٹ کلنگ، اغوا اور سیکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث رہے ہیں، جبکہ انہوں نے افغانستان میں اسلحہ چلانے کی تربیت حاصل کی تھی۔ اطلاع کی بنیاد پر مشترکہ ٹیم نے مین یونیورسٹی روڈ بلاک 07 گلشن جوہر کراچی کے قریب کارروائی کی جہاں دونوں کو گرفتار کر لیا گیا، ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار دہشت گرد اپنی تنظیمی کمانڈر کے مسلسل رابطے میں تھے جو تیار شدہ IED اور ہینڈ گرنیڈ کے ذریعے شہر کے حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے دفاتر کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے۔ سی ٹی ڈی کراچی اور وفاقی حساس ادارے کی مشترکہ ٹیم نے ایک علیحدہ کارروائی کے دوران کھڈیالی چوک بلی کے لیے سے کالعدم تحریک طالبان پاکستان (TTP) سے وابستہ ایک دہشت گرد کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار دہشت گرد شاہ نور رحمان خان ولد اختر عالم نے ابتدائی تفتیش کے دوران انکشاف کیا کہ وہ اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز پر حملوں میں ملوث رہا ہے، دہشت گرد کے مطابق وہ اپنے تنظیمی کمانڈر کی ہدایت پر کراچی آیا تھا جہاں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دفاتر کی ریکی کرنے اور انہیں نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی تھی۔ گرفتار دہشت گرد سے تفتیش مزید جاری ہے جبکہ انکے دیگر ساتھیوں، سہولت کاروں اور مالی معاونین کی شناخت اور گرفتاری کے لئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ گرفتار دہشت گردوں کے خلاف تھانہ CTD کراچی میں مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 09 اطلاعات

فرمایا، اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ "میڈیکل کا شعبہ ایک خدمت کا شعبہ ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے جس نے کسی ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔ یہ اتنا مقدس شعبہ ہے، ہمیں ماہرین کو محض اپنے شعبے کے ماہر نہیں ہونا چاہیے بلکہ معاشرے کی روحانی اور جسمانی صحت کے نگہبان بھی بننا ہوگا۔ ڈاکٹر اپنے فرائض باپ، بھائی اور شہری کے طور پر بھی ادا کرتے ہیں۔ اصلاح فاؤنڈیشن کے رضاکار ڈاکٹرز اسی وقف و خدمت کی عملی مثال ہیں جو بغیر کسی مالی معاوضے کے محض اپنی دینی و قومی جذبے میں قوم کے لیے رضاکارانہ کام کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے کے مسائل کی بنیادی وجہ ہمارے دینی اقدار کو بھلانا ہے۔ ڈاکٹرز کی اپنی روحانی اصلاح ان کی پریکٹس اور مریضوں کی دیکھ بھال پر براہ راست اثر ڈالتی ہے۔ لہٰذا ہر میڈیکل پریکٹیشنر کمیونٹی سے گزارش ہے کہ اپنے دل کی اصلاح کو بھی اسی طرح ترجیح دیں، جس طرح آپ اپنی میڈیکل کی تعلیم کو اہمیت دیتے اور ساری زندگی اس پر چلتے ہیں تاکہ معاشرے میں حقیقی تبدیلی لائی جا سکے یہ صرف پمپنگ مشین نہیں ہے بلکہ اس کے نہاں خانہ میں قلب ہے جو کیفیات کا گھر ہے۔ اپنے دل میں جھانک کر دیکھیے کیا اس میں تعلق مع اللہ کی کوئی طلب ہے اگر ہے تو وہ آپ کے لیے راستے کھول دے گا۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ "صحت مند معاشرہ" کا مقصود صرف ایک



ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے والوں سے سختی سے نمٹا جائیگا

مرتضیٰ وہاب

ہم نہ صرف کراچی کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے بلکہ ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے والوں سے بھی سختی سے نمٹیں گے: میئر کراچی

نا تھا خان روڈ جیسے اہم راستوں کی بہتری سے شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت ملے گی، متعلقہ حکام کو جلد تکمیل اور معیار پر سمجھوتہ نہ کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے ناتھا خان روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا اور متعلقہ حکام سے تفصیلی بریفنگ لی۔ اس موقع پر انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی کام جلد از جلد مکمل کر کے سڑک کو بہت جلد ٹریفک کے لیے کھول دیا جائے تاکہ شہریوں کو آمد و رفت میں سہولت فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو اس حوالے سے جلد خوشخبری سنائی جائے گی۔ میئر کراچی نے ناتھا خان روڈ پر جاری ترقیاتی کاموں کے دورے کے دوران متعلقہ حکام سے بریفنگ لی اور واضح کیا کہ شہر کی تعمیر و ترقی میں کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نہ صرف کراچی کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے بلکہ ترقیاتی کاموں میں رکاوٹیں ڈالنے والوں سے بھی سختی سے نمٹیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ رکاوٹیں ڈالنے کا وقت گزر چکا ہے، اب وہ خود موقع پر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13



حیسکو کے خلاف آواز اٹھانے پر سید حسین جاموٹ کو خراجِ تحسین

اضافی مالی بوجھ سے نجات دلانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، پیپلز پارٹی رہنما کا مطالبہ

حیسکو کی عوام دشمن پالیسیوں سے شہری پریشان، حکومت نوٹس لے: عبدالمنان صدیقی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

پی وائی ڈی شارک 6 نے یورو این کیپ کے حفاظتی ٹیسٹ میں فائیو اسٹار ریٹنگ حاصل کرلی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 15

منشیات سے پاک تعلیمی ادارے ہماری بقا و سلامتی ہیں۔ رفیع احمد

منشیات سے آگہی ہماری طالبات کے لیے بہت ضروری ہے۔ پرنسپل روبی تبسم

یہ بات بہت افسوس ناک ہے کہ منشیات ہماری جڑوں تک پہنچ گئی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

سندھ ہائیکورٹ نے طلبہ یونین انتخابات نہ کرانے پر رجسٹرار جامعہ کراچی کو طلب کرلیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14

گھوٹکی کے قریب زمین کے تنازع پر دو افراد زخمی

متاثرہ دیہاتیوں کا پریس کلب کے سامنے احتجاج، انصاف کی اپیل

دیہاتیوں نے بتایا کہ واقعے کا مقدمہ گھوٹکی کے اے سیکشن تھانے میں درج کرایا گیا ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

پاکستان کی زرعی برآمدات بڑھانے کیلئے جدید لیبارٹری کا افتتاح

کراچی میں سینٹرل پلانٹ کوارنٹائن لیبارٹری کا قیام اہم پیش رفت ہے، کسانوں کے مفادات کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

ملک میں چینی کا فاضل ذخیرہ موجود ہے اور اس کی برآمد سے کسانوں کو فائدہ پہنچ سکتا ہے: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین

صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



بیگم نصرت بھٹو کی 15 ویں برسی پر قرآن خوانی و دعائیہ تقریب

سعید غنی، اقبال ساند، سرور غازی، ام فاروق نیاز تنولی، حسام شمسی، ارتضیٰ بلوچ، ٹاؤن چیئرمین فرحان غنی اور دیگر موجود تھے

مادرِ جمہوریت محترمہ بیگم نصرت بھٹو کی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی حقوق کے لیے جدوجہد کو خراجِ عقیدت پیش

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

پیپلز پارٹی ملیر کی جانب سے بیگم نصرت بھٹو کی برسی پر قرآن خوانی

مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو نے جمہوریت کے لئے لازوال قربانیاں دیں، مقررین

جمہوریت کے لیے بیگم نصرت بھٹو کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں: امداد علی جوکھیو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4

کراچی کے شہریوں کو ان کے حقوق دلائینگے: محمد جمیل حفیظ خان

پاکستانی نوجوانوں کا مستقبل تابناک بنانے کے لیے کوشاں ہیں، نوجوان بزرگوں کی جماعت مسلم لیگ کی باگ ڈور سنبھالیں

مخلص، بے لوث اور بے باک کارکن مسلم لیگ (ق) کا سرمایہ ہیں، انہیں کسی صورت نظرانداز نہیں کریں گے: صدر مسلم لیگ (ق) کراچی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

پاکستان پر بیرونی معاشی دباؤ میں کمی، آئی سی ایم اے رپورٹ

بیرونی معاشی حالات میں بہتری، مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس سے قبل پاکستان کو ریلیف ملنے کی امید

مالی معیشت کے سازگار حالات نے بیرونی معاشی کمزوریوں کے اثرات کو کم کرنے میں مدد دی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5



پاکستان پیپلز پارٹی ملیر کی جانب سے مادرِ جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کی 15 برسی کے موقع پر قرآن خوانی میں لی گئی تصویر

سندھ اسپورٹس کلب میں ویمنز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 25 اکتوبر کو ہوگا

ایچ ڈی ایم ایم ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام ایونٹ، 12 سے 40 سال تک کی خواتین کی فری رجسٹریشن جاری

منتظمین کا کہنا ہے کہ ٹورنامنٹ کا مقصد خواتین میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ہومیو پیتھک ڈاکٹر منیر مشتاق ویلفیئر (HDMM) ٹرسٹ کے زیر اہتمام ویمنز بیڈمنٹن ٹورنامنٹ 25 اکتوبر بروز اتوار کو منعقد ہوگا۔ ٹورنامنٹ سندھ اسپورٹس کلب، ناظم آباد، کراچی میں دوپہر 02:00 بجے سے شام 06:00 بجے تک جاری رہے گا۔ منتظمین کے مطابق ٹورنامنٹ میں 12 سے 40 سال تک کی بچیوں اور خواتین کو شرکت کی اجازت ہوگی۔ ایونٹ میں شرکت کے لیے رجسٹریشن بالکل فری رکھی گئی ہے۔ رجسٹریشن کی آخری تاریخ 22 اکتوبر بروز جمعرات مقرر کی گئی ہے۔ منتظمین کا کہنا ہے کہ ٹورنامنٹ کا مقصد خواتین میں کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ مزید معلومات اور رجسٹریشن کے لیے ان نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔



کونسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی ایم اے) کے شعبہ تحقیق و اشاعت کے زیرِ اہتمام منعقدہ خصوصی فکری لیکچر میں لی گئی تصویر

حکمرانوں نے میڈیا کو مکمل طور پر کنٹرول کرلیا ہے

سعدیہ کمال، انیس حیدر

میڈیا ہاؤسز میں صحافیوں کی جبری برطرفیوں اور واجبات کی عدم ادائیگی کو موجودہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کو صحافتی دشمن قرار دے دیا

محکمہ اطلاعات کو تنخواہیں اور ملازمتیں اشتہارات سے مشروط کرنے کا بارہا کہا لیکن آج تک اس پر عمل نہیں ہوا: صدر پی ایف یو جے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19



خواتین کی حوصلہ افزائی ترقی کیلئے ناگزیر ہے: سلطانہ صدیقی

خواتین کی تعلیم، حوصلہ افزائی اور صلاحیتوں کو فروغ دینا ضروری ہے۔ نوجوان نسل کو قیادت کے مواقع فراہم کیے جائیں

انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ Z کے شعبہ تحقیق و اشاعت کے زیرِ اہتمام منعقدہ خصوصی فکری لیکچر سے خطاب کیا

صفحہ 3 بقیہ نمبر 6

ڈہرکی: گاؤں سومرو گھمبرو کے پاس کینال سے نامعلوم لاش برآمد

اطلاع ملنے پر پولیس موقع واردات پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دیا



باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

شہر قائد میں دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام

CTD اور وفاقی حساس ادارے کی مشترکہ کارروائی

بلوچ لبریشن آرمی اور TTP کے 3 دہشت گرد گرفتار



گرفتار دہشت گرد کراچی میں حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے دفاتر کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے، قبضے سے ایک تیار شدہ IED، ہینڈ گرنیڈ اور پستول برآمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

حیدرآباد تعلیمی بورڈ کے نتائج میں بے ضابطگیاں، اعجاز کاکا کی معطلی کا مطالبہ

مذکورہ بالا شخص پہلے بھی کرپشن کے سنگین کیسز بھگت چکا ہے اب پھر قابو میں لایا گیا ہے





باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 722

نیو کراچی سیکٹر G-11 میں جدید طرز پر تعمیر شدہ شیخ سعدی ماڈل اسکول کا افتتاح

تربیت یافتہ اساتذہ، مفت نصابی کتب اور یونیفارم کی فراہمی جیسے اقدامات کو عوامی حلقوں نے خوش آئند قرار دیا

حافظ نعیم الرحمن کا چیئرمین محمد یوسف کو تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ کے لئے خصوصی دلچسپی پر خراجِ تحسین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نیو کراچی ٹاؤن کے تحت گودھرا میں شیخ سعدی اسکول کے افتتاح کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

سروسز ہسپتال کراچی کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کی آماجگاہ بن گیا

ریٹائرڈ سابق ایم ایس کے دور سے شروع ہونیوالی مبینہ کرپشن رکنے کا نام ہی نہیں لے رہی

طاقتور افسران تحقیقات میں رکاوٹ بن گئے، گریڈ 5 کے ملازم کی تنخواہ سے لاکھوں روپے کی کٹوتی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

ایم اے جعفری کی معروف کالم نگار دلشاد عالم سے ملاقات، عیادت کی

ایم اے جعفری صاحب اپنے ہمراہ پھولوں کا خوبصورت گلدستہ اور نفیس پھلوں کی ٹوکری بھی لائے

دلشاد عالم نے انکا، وقار الحسن اور افسر زمان کی آمد، محبت اور خلوص پر ان کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

اسلام آباد میں دوسری نیشنل کانفرنس "Healing the Healers" کا انعقاد

جس نے کسی ایک انسان کی جان بچائی گویا اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی

طبی ماہرین کو معاشرے کی روحانی اور جسمانی صحت کے نگہبان بھی بننا ہوگا: امیر عبدالقدیر اعوان

صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

ٹی ایم سیز کے ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف درخواست کی سماعت

بیگم نصرت بھٹو کی قربانیاں تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب ہیں: سینیٹر وقار مہدی

پیپلز پارٹی کی سندھ کے جنرل سیکریٹری کا مادرِ جمہوریت کی 15 ویں برسی پر خراجِ عقیدت

بھٹو خاندان کی قربانیاں، جمہوری جدوجہد، سیاسی استقامت اور عوام سے وابستگی کی نمایاں مثال ہیں

مدارس کی دینی تشخص کے ساتھ عصری تقاضوں سے ہم آہنگی وقت کی ضرورت ہے: مفتی نعمان نعیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

چیف سیکریٹری سندھ کی زیرِ صدارت صوبائی سلیکشن بورڈ-II کا اجلاس

صوبائی سلیکشن بورڈ-II کی 542 افسران کو گریڈ 18 سے 19 میں ترقی دینے کی سفارش



ریسرچ ایسوسی ایٹ اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر ایم اے جعفری صاحب سے کالم نگار دلشاد عالم و دیگر ملاقات کر رہے ہیں



سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و چیئرمین چیف الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان حضرت امیر عبدالقدیر اعوان مدظلہ العالی نے خصوصی خطاب فرما رہے ہیں